سوال

عدت کا آغاز کہاں سے ہوتا ہے ؟یعنی جس دن عورت کو اطلاع ملے کہ آپ کا خاوند فوت ہوچکا ہے یا جس دن وہ فوت ہوا تھا مثلا : ایک آدمی ۲۵ جون کو گھر سے لا پتہ ہوا اور دو ماہ کے بعد ۲۶ اگست کو اطلاع ملی کہ وہ فوت ہوگیا ہے لیکن وہ فوت ۲۶ جون کو ہوا تھا اب اس عورت کی ع

جواب

مفقود الخبر متوفی عنھا کی بیوی کی عدت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مفقود الخبر کی بیوی کی عدت کا آغاز کہاں سے ہوتا ہے ؟یعنی جس دن عورت کو اطلاع ملے کہ آپ کا خاوند فوت ہوچکا ہے یا جس دن وہ فوت ہوا تھا۔ مثلاایک آدمی ۲۵ جون کو گھر سے لاپتہ ہوااور دوماہ کے بعد ۲۶ اگست کو اطلاع ملی کہ وہ فوت ہوگیا ہے لیکن وہ فوت ۲۶ جون کو ہوا تھا اب اس عورت کی عدت کب سے شروع ہوگی۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! شریعت اسلامیہ میں احکام کی بنیاد شکوک وشبہات کی بجائے پختہ امور پر رکھی جاتی ہے۔ اگر تو اس کی موت کی ایسی مستند خبر ملی ہے ،جس پر یقین کیا جاسکتا ہو تو پھر عدت کا آغاز اس کی موت کے دن 26 جون سے ہی شروع ہوجائے گا۔ لیکن اگر یہ خبر مشکوک ہو اور فائنلی طور پر معلوم نہ ہوسکے کہ اس کی موت کس دن واقع ہوئی تھی تو پھر عدت اس دن سے شروع ہوگی ،جس دن سے خبر ملی ہے۔ کیونکہ احکام میں اعتماد یقین پر کیا جاتا ہے ،شک پر نہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی